LÆGEMIDDELSTYRELSEN
DANISH MEDICINES AGENCY

17 مارچ 2022

**انسولین صارفین کے لئے اہم معلومات:**
**19 ستمبر 2022 سے اثر کے ساتھ کچھ انسولین کے لئے باز ادائیگی کی تبدیلی**

ہم 19 ستمبر 2022 سے کچھ انسولین کے لیے سبسڈی میں تبدیلی کریں گے۔

پچھلے صفحے پر، آپ دیکھ سکتی ہیں کہ آیا اس سے آپ کے علاج پر اثر پڑتا ہے یا نہیں۔ اگر پچھلے صفحے پر آپ کے انسولین کا ذکر نہیں ہے تو، آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ کا انسولین پیلے رنگ کی فہرست میں ہے، تب بھی آپ کو اپنے انسولین کے لیے باز ادائیگی ملے گی اگر آپ کے ڈاکٹر کو لگتا ہے کہ آپ کچھ شرائط (شقوں) کو پورا کرتی ہیں۔ اگر آپ کا علاج پہلے سے ہی اچھی طرح سے کیا جا رہا ہے تو عموما آپ اس کے لیے اہل قرار پا جاتی ہیں۔

اگر آپ کا انسولین سرخ فہرست میں ہے، تو آپ خودکار باز ادائیگی کے اہل نہیں رہیں گی، لیکن، خاص حالات میں، آپ کا جنرل پریکٹیشنر آپ کی طرف سے باز ادائیگی کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

**اپنے GP سے مشورہ کریں**
اگر آپ کا انسولین پچھلے صفحہ پر درج ہے، تو آپ کو اپنے مستقبل کے علاج کے بارے میں اپنے GP سے مشورہ کرنا ہوگا تاکہ آپ 19 ستمبر 2022 کے بعد بھی اپنے انسولین کے لیے باز ادائیگی حاصل کر سکیں۔ مثال کے طور پر، آپ اپنے اگلے طے شدہ کنٹرول وزٹ پر یا اگلی بار جب آپ کو اپنے نسخے کی تجدید کرانے کی ضرورت ہو تب آپ ان سے مشورہ کر سکتی ہیں۔ آپ کے GP کو بھی تبدیلیوں کے بارے میں مطلع کر دیا گیا ہے۔

**ہم باز ادائیگی میں تبدیلی کیوں کر رہے ہیں؟**
ہم باز ادائیگی میں تبدیلی اس لیے کر رہے ہیں کیونکہ کچھ انسولین صرف مخصوص مریضوں کیلئے استعمال کی جانی چاہئیں یا اس لیے کہ ایک انسولین دوسرے سے زیادہ مہنگی ہے، جو کہ اتنا ہی مؤثر ہے۔

**مزید جاننا چاہتی ہیں؟**
ہماری ویب سائٹ پر، آپ باز ادائیگی میں تبدیلیوں اور شرائط کے بارے میں مزید پڑھ سکتی ہیں:
www.laegemiddelstyrelsen.dk/en/reimbursement-changes-insulins۔

آپ نیچے دیے گئے QR کوڈ کا استعمال کر کے بھی اس معلومات تک رسائی حاصل کر سکتی ہیں۔

بصد خلوص
The Danish Medicines Agency

Lægemiddelstyrelsen/Danish Medicines Agency ▪ Axel Heides Gade 1 ▪ DK-2300 Copenhagen S ▪
medicintilskud@dkma.dk

**NB!: اگر آپ کا علاج کسی ایسے انسولین کے ذریعے کیا جا رہا ہے جو درج ذیل فہرستوں میں ہے، تو آپ کو 19 ستمبر 2022 سے پہلے اپنے مستقبل کے علاج کے بارے میں اپنے GP سے مشورہ کرنے کی ضرورت ہے۔**

**اگر آپ درج ذیل میں سے ایک یا ایک سے زیادہ انسولین استعمال کرتی ہیں، تو آپ کا GP اس بات کا اندازہ لگائے گا کہ آیا آپ متعلقہ شق (پیلی فہرست) کے تحت آتی ہیں یا نہیں۔**

| نام | آپ اس شق میں شامل ہیں اگر: |
|---|---|
| Insulatard Penfill, cylinderampul | آپ کے ذیابیطس کا پہلے سے ہی اس انسولین کے ذریعے علاج ہو رہا ہے۔<br>آپ کا ذیابیطس کورٹیکوسٹیرائڈز جیسے prednisolone کے علاج سے متحرک ہو گئی ہے۔<br>آپ کے ذیابیطس کا تعلق حمل سے ہے۔ |
| Insuman Basal, cylinderampul | |
| Insuman Basal, flerdosispen | |
| Humulin NPH KwikPen, fyldt pen | |
| Insulatard FlexPen, fyldt pen | |
| Insulatard InnoLet, fyldt pen | |
| Humulin NPH, hætteglas | |
| Insulatard, hætteglas | |
| Fiasp Penfill, cylinderampul | ایک اور زود اثر انسولین کے ذریعے علاج ہونے کے باوجود، کھانا کھانے کے فوراً بعد آپ کے خون میں گلوکوز بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ |
| Fiasp PumpCart, cylinderampul | |
| Fiasp FlexTouch, fyldt pen | |
| Fiasp, hætteglas | |
| Tresiba 100 Penfill, cylinderampul | آپ کے ذیابیطس کا پہلے سے ہی اس انسولین کے ذریعے علاج ہو رہا ہے۔<br>ایک اور زود اثر انسولین کے ذریعے علاج ہونے کے باوجود، آپ کو ایسا ذیابیطس ہے جس میں خون میں گلوکوز کی کمی بار بار ہو جاتی ہے۔ |
| Tresiba 100 Flextouch, fyldt pen | |
| Tresiba 200 Flextouch, fyldt pen | |
| Toujeo DoubleStar, fyldt pen | |
| Toujeo SoloStar, fyldt pen | |
| Levemir, fyldt pen og cylinderampul | آپ کے ذیابیطس کا پہلے سے ہی اس انسولین کے ذریعے علاج ہو رہا ہے۔<br>آپ کے ذیابیطس کا تعلق حمل سے ہے۔ |

**اگر آپ مندرجہ ذیل انسولین میں سے ایک یا ایک سے زیادہ استعمال کرتی ہیں، تو مستقبل میں باز ادائیگی (سرخ فہرست) کا اہل قرار پانے کیلئے آپ کو عام طور پر کسی دوسرے مساوی مؤثر انسولین کا رخ کرنا چاہیے۔**

| نام | نام |
|---|---|
| Abasaglar KwikPen, fyldt pen | Humalog Mix25/ Mix50 100 E/ml Pen |
| Actrapid Penfill, cylinderampul | Humalog Pen |
| Apidra, hætteglas og cylinderampul | Humalog-Humaject Pen |
| Apidra SoloStar, fyldt pen | Insuman Rapid, cylinderampul |
| Humalog, hætteglas og cylinderampul | Insuman Rapid, flerdosispen |
| Humalog KwikPen | Insuman Rapid SoloStar, fyldt pen |
| Humalog Mix25 KwikPen | Suliqua, fyldt pen |